DO NOT WRITE ANYTHING HERE

مندرجہ ذیل غزل کے اشعار کے مطلب لکھئے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔

(i) اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو
کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرزِ بیاں سے ہم

(ii) زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی
شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی

17. نظم "روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے" کا خلاصہ لکھئے۔ **[3]**

یا

نظم "ارتقا" کا خلاصہ لکھئے۔

حصہ – د /(SECTION – D)

نوٹ : مندرجہ ذیل تفصیلی سوالات کے جوابات تقریباً **250** الفاظ میں لکھئے۔

18. مرزا غالبؔ کے سوانح حیات اور خطوط نگاری پر روشنی ڈالئے۔ **[4]**

یا

اختر الایمان کی سوانح حیات اور نثر نگاری پر روشنی ڈالئے۔

19. آرزو لکھنوی کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالئے۔ **[4]**

یا

ن۔م۔ راشدؔ کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالئے۔

20. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ **[4]**

(i) بڑھتی آبادی کا مسئلہ

(ii) میری پسندیدہ ادبی شخصیت

(iii) کسی تاریخی عمارت کی سیر۔

(SECTION – C) / حصّہ – ج

نوٹ : مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تقریباً **120** الفاظ میں لکھئے۔

14. مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق و سباق تشریح کیجئے : **[3]**

اب مسئلہ یہ درپیش تھا کہ اُس سے گفتگو کیوں کر شروع کی جائے۔ کون سا موضوع مناسب رہے گا۔ موسم ؟ ۔۔۔۔ لیکن ہندوستان میں ابھی موسم کے موضوع پر گفتگو کا آغاز کرنا خاطر خواہ نتائج پیدا نہیں کرسکتا۔ اس عورت سے یہ کہنا کہ آہا ! کیا ہی خوشگوار موسم ہے محض بیکار ہوگا۔ سنیما ، ایکٹر ، ایکٹریس ، بسیں ، سڑکیں ۔۔۔۔۔ نہیں ، نہیں ، یہ باتیں مہمل ہیں ۔۔۔۔ اتنے میں عورت کے شانے کے ساتھ لگے ہوئے ننھے بچّے نے آنکھیں کھولیں اور حیرت و استعجاب سے اِدھر اُدھر دیکھنے لگا۔ بڑا پیارا بچہ تھا۔ میں نے اس کے گال پر ہلکی سی چٹکی لی تو اس کے چھوٹے چھوٹے ہونٹوں پر مسکراہٹ پیدا ہوئی۔

یا

ہم لوگوں کا خیال تھا کہ کلیم الدین احمد کوئی بہت بے ڈھب آدمی ہے جو ہمارے استاد کو بری طرح پریشان کئے ہوئے ہے۔ مجبوری یہ تھی کہ معاملے کی تہہ یا گہرائی تک پہنچنے کی صلاحیت ہم میں سے کسی میں نہ تھی اور کتاب غائب کرنے کے بعد اب مصنف کے بارے میں استاد سے دریافت کرنا بارود کو آگ دکھانا تھی۔ اس لئے کلیم الدین روز اول ہی ہمارے لئے معمہ بن گئے۔ اب کیا کیا جائے۔ طے پایا کہ چونکہ ہم لوگوں نے سرور صاحب کو سرِ دست کوئی نقصان نہیں پہنچایا ہے، اس لئے ان سے جاکر اتا پتا معلوم کیا جائے۔

15. سبق "فوٹو گرافر" کا خلاصہ لکھئے۔ **[3]**

یا

سبق " روشنائی" کا خلاصہ لکھئے۔

16. مندرجہ ذیل جزو کی مع سیاق و سباق تشریح کیجئے۔ **[3]**

"خدُا بخشے اسے بس دوست کا رہتا تھا وہ جویا"
"تو نکلا دوست اک آخر خدُا وندِ کریم اُس کا"
"اب اس کے نیک و بد کا ذکر کرنا ہی نہیں اچھا"
"کہ روشن ہے خدُا پر عالمِ امُید و بیم اُس کا"

یا

(vi) جمیل مظہری کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے ؟ [1]

(vii) کہانی "کلرک کی موت" کے مصنف کون ہیں ؟ [1]

(viii) بوڑھے مچھوارے کا ذکر کس کہانی میں آیا ہے ؟ [1]

(ix) چے خف کب پیدا ہوئے ؟ [1]

(x) نرمل ورما کی کون سی کہانی آپ کے نصاب میں شامل ہے ؟ [1]

(xi) افسانہ کے لازمی اجزاء کون سے ہیں ؟ [1]

(xii) کسی ایک مکتوب نگار کا نام لکھئے۔ [1]

(SECTION – B) / حصّہ – ب

نوٹ : مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات تقریباً **50** الفاظ میں لکھئے۔

4. خوجی کا حلیہ بیان کیجئے۔ [2]

5. دولت مندوں نے آخر میں خدُا سے کیا دعا مانگی ؟ [2]

6. ملک راج آنند کی پیش کردہ تجویز کیوں منظور نہ ہو سکی ؟ [2]

7. رام لعل پاکستان کیوں جانا چاہتے تھے ؟ [2]

8. شاعر دل اور آسمان سے کیوں ڈرا ہوا ہے ؟ [2]

9. گل رنگ دریچوں سے شاعر کی کیا مُراد ہے ؟ [2]

10. یادوں کے بجھے ہوئے سویروں سے شاعر کی کیا مُراد ہے ؟ [2]

11. کہن سال دہقان کیا کہتا ہے ؟ [2]

12. ویکوم محمد بشیر نے اپنی کہانی کا عنوان "جنم دن" کیوں رکھا ؟ [2]

13. مقطع کسے کہتے ہیں ؟ [2]

(xvi) کہانی " جنم دن" میں مصنف کے پڑوسی کا نام تھا۔ [1]

(A) ڈیوڈ (B) رابرٹ (C) مائکل (D) میتھیو

(xvii) اُردو میں مختصر افسانہ نگاری کا آغاز کس صدی میں ہوا؟ [1]

(A) 17 ویں (B) 18 ویں (C) 20 ویں (D) 21 ویں

(xviii) غزل کس زبان کا لفظ ہے؟ [1]

(A) عربی (B) فارسی (C) ایرانی (D) تُرکی

2. مندرجہ ذیل **خالی جگہ** کو پُر کیجئے۔

(i) ____________ اسٹینڈ پر پہنچ کر دیکھا کہ کناٹ پلیس جانے کے لیے بس تیار کھڑی ہے۔ [1]

(ii) کرشن چندر ____________ شہر میں پیدا ہوئے۔ [1]

(iii) مچھر جانتا ہے کہ دشمن کے دوست بھی ____________ ہوتے ہیں۔ [1]

(iv) دل اگر ____________ ہے تو جس راہ پہ لے جائے گا۔ [1]

(v) مشرق سے ابھرتے ہوئے ____________ کو ذرا دیکھ۔ [1]

(vi) زندگی تو تم بھی ہو، ____________ تو ہم بھی ہیں۔ [1]

3. مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات **ایک جملے** میں لکھئے :

(i) اخترالایمان کے والد کا پیشہ کیا تھا؟ [1]

(ii) "کامریڈ شیخ چلّی" کس کی مشہور کتاب ہے؟ [1]

(iii) رام لعل ریل کے ذریعے پاکستان کے کس شہر پہنچے تھے؟ [1]

(iv) رودادِ سفر نہ چھیڑ ناصرؔ

یہاں 'رودادِ سفر' کے معنی کیا ہیں؟ [1]

(v) "دیوانِ غالب" کی مکمل شرح شائع کروانے والے پہلے شاعر کون ہیں؟ [1]

(viii) ہاتھ سے کس نے ساغر پٹکا موسم کی بے کیفی پر
اتنا برسا ٹوٹ کے پانی ، ڈوب چلا مے خانہ بھی
مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے ؟ [1]

(A) جاں نثار اخترؔ (B) معین احسن جذبیؔ
(C) آرزوؔ لکھنوی (D) الطاف حسین حالیؔ

(ix) کس شاعر کا ابتدائی دور میں تخلص ملالؔ تھا ؟ [1]

(A) معین احسن جذبیؔ (B) جاں نثار اخترؔ
(C) جمیلؔ مظہری (D) ن۔م۔ راشدؔ

(x) "گھر آنگن" کس کا شعری مجموعہ ہے ؟ [1]

(A) آرزوؔ لکھنوی (B) الطاف حسین حالیؔ
(C) ناصرؔ کاظمی (D) جاں نثار اخترؔ

(xi) ناصرؔ کاظمی کب پیدا ہوئے ؟ [1]

(A) 1920ء (B) 1922ء (C) 1925ء (D) 1927ء

(xii) تاریخ بن رہا ہے ہر نقشِ پا ہمارا [1]
یہاں 'نقشِ پا' کے معنی ہیں

(A) ہاتھ کے نشان (B) پاؤں کے نشان
(C) اُنگلی کا نشان (D) انگوٹھے کا نشان

(xiii) کہانی "کلرک کی موت" میں جنرل کا نام کیا تھا؟ [1]

(A) ایوان دمترچ (B) ایان دمترچ (C) بری ژالوف (D) لوئی ژالوف

(xiv) "جنم دن" کس زبان کی کہانی کا اُردو ترجمہ ہے ؟ [1]

(A) ملیالم (B) بنگالی (C) روسی (D) انگریزی

(xv) نرمل ورما کے افسانوں کا پہلا مجموعہ ہے : [1]

(A) بچپن کی ساتھی (B) پرندے (C) پہلا پتھر (D) بازگوئی

(SECTION – A) / حصّہ – الف

1. مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب کو اپنی کاپی میں لکھیے۔

(i) غالبؔ کس کے مکان میں کرایے سے رہتے تھے؟ [1]

(A) حکیم محمد حسن خاں (B) حکیم احمد حسن خاں

(C) حکیم محمد کریم خاں (D) حکیم محمد سلیم خاں

(ii) تنقیدی مضامین کا مجموعہ "ادب اور سماج" کے مصنف ہیں : [1]

(A) سجّاد ظہیر (B) احتشام حسین

(C) کلیم الدین احمد (D) اختر الایمان

(iii) قرۃ العین حیدر کے افسانوں کا پہلا مجموعہ ہے : [1]

(A) دوسرے آدمی کا ڈرائنگ روم (B) ہندوستان ہمارا

(C) ستاروں کے آگے (D) تماشا گھر

(iv) افسانہ "سکون کی نیند" میں سائنس دانوں نے کیا ایجاد کیا؟ [1]

(A) ٹی۔بی۔ کی دوا (B) کینسر کی دوا

(C) طاقت کا انجکشن (D) نیند کا انجکشن

(v) سبق "مچھر" میں کس کا ذکر کیا گیا ہے؟ [1]

(A) یزید (B) نمرود (C) شداد (D) فرعون

(vi) پروفیسر غیظ کی نظم کا عنوان کیا تھا؟ [1]

(A) لُگائی (B) لڑائی (C) سگائی (D) پڑھائی

(vii) الطاف حسین حالیؔ کہاں پیدا ہوئے؟ [1]

(A) لکھنؤ (B) دہلی (C) انبالہ (D) پانی پت

नामांक Roll No.

Question Booklet No.

No. of Questions – 20

No. of Printed Pages – 7

SS-22-Urdu Sah.

SENIOR SECONDARY EXAMINATION, 2026

उर्दू साहित्य

URDU SAHITYA

Time : 3 Hours 15 Minutes

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vi) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

(vii) جن سوالات کے ایک سے زائد حصّے ہیں، ان کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔